(F-2)

PAPER CODE: -3701

SET-X

# URDU

## (New & Old Courses)

## Class-10th

## Session - Annual (Private) - 2014

*Time : 3 Hrs. + 15 minutes extra for reading* *Maximum Marks : 100*

***Note:-*** The questions in the question paper are based on revised and pre-revised syllabus marked as "New Course" and "Old Course" respectively and candidates are advised to appear in relevant course meant for them. Candidates who attempt the questions partly from "New Course" and partly from "Old Course" will not be awarded. Candidates are also advised to record "New Course" or "Old Course" as the case may be on the front page of the Answer-book.

## NEW COURSE

### (i) تفصیلی جواب طلب سوالات

**سوال نمبر 1** درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰ سے ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجیے۔ 12

الف۔ ہماری زندگی ایک قیمتی ۔۔۔۔۔ ہے جو ہمیں ایک ہی بار ۔۔۔۔ رہا ہے۔ زندگی کا قیمتی تحفہ ہمیں بار بار ۔۔۔۔ مل نکلتا ہے۔ یہ ایک تسلیم شدہ ۔۔۔۔ ہے کہ وقت کی پابندی اور اس کی قدر کرنے سے ہماری ۔۔۔۔ قدرتی طور پر خوشی اور مسرت ۔۔۔۔ کر سکتی ہے۔ اس کائنات میں قدرت نے جو نظام زندگی قائم کیا ہے وہ بجائے خود ۔۔۔۔ کا احساس رکھتا ہے۔ وقت سے دن اور ۔۔۔۔ قوت سے کل اور ۔۔۔۔ وقت کی لہر ۔۔۔ غلام وقت کے ہر شے

پ۔۔۔۔۔۔ ہر فرد کو عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

ب۔ میرے اسکول میں کئی اساتذہ ہیں۔سبھی۔۔۔۔۔۔سند یافتہ ہیں۔۔۔۔شہرت رکھتے ہیں۔یوں تو

۔۔۔۔۔۔دل میں عزت۔۔۔۔۔۔موجزن ہے۔۔۔۔۔۔جماعت میں ان کا ضبط۔۔۔۔۔۔

لیکن جناب۔۔۔۔۔۔طور پر پسند ہیں، وہ عام طور پر۔۔۔۔۔۔طرز تدریس سے۔۔۔۔۔۔

پہنتے ہیں۔۔۔۔۔۔پابند ہیں اور بچوں میں۔۔۔۔۔۔ہیں۔خدا ان کی۔۔۔۔۔۔کرے۔۔۔

صحت مند جسم۔۔۔۔۔۔اچھے کھلاڑی۔۔۔۔۔۔ہمدردانہ سلوک کی وجہ سے ہر دل عزیز۔۔۔۔۔۔

ج۔ کشمیر کا موسم بہار۔۔۔۔ شروع ہوتا ہے۔۔۔ ۔۔ دریا۔۔۔۔۔ آبشار۔۔۔۔۔

جھیلیں۔۔۔۔۔صنعت و حرفت۔۔۔۔۔بادام واری۔۔۔۔۔مغل باغات۔۔۔۔۔۔جھیل کی

سیر۔۔۔۔۔ہاؤس بوٹ۔۔۔سیر و تفریح کرتے ہیں۔

اپنے دوست کے نام خط لکھئے کہ وہ گرمی کی چھٹیاں آپ کے ساتھ کسی صحت افزا مقام پر گزرے۔ 8

یا

ناظم تعلیمات کی خدمت میں ملازمت کے حصول کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

سوال نمبر 2 اپنے والد صاحب کو خط کے ذریعے گھریلو حالات کی جانکاری دیجیے۔ 8

یا

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام جرمانہ معاف کروانے کے لیے درخواست لکھیے۔

یا

اپنے دوست کو امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارک بادی کا خط لکھیے۔

سوال نمبر 3 درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اردو میں لکھیے۔ مضمون کا حوالہ بھی دیجیے۔ 8

الف۔ یہ تمام کیفیت سُن کر، صادق نے تامل کرکے کہا کہ واقعی حقوقِ خدمت اور دوستی بادشاہِ مغفور ہمارے اوپر بہت تھے اور یہ بچارا تباہ ہو کر، اپنی سلطنت موروثی چھوڑ کر، جان بچانے کے واسطے یہاں تلک آیا ہے اور ہمارے دامنِ دولت میں پناہ لی ہے۔ تامقدور کسو طرح ہم سے کمی نہ ہوگی اور درگزر نہ کروں گا۔ لیکن ایک کام ہمارا ہے، اگر وہ اس سے ہو سکا اور خیانت نہ کی اور بہ خوبی

انجام دیا اور اس امتحان میں پورا اُترا تو میں قول قرار کرتا ہوں کہ زیادہ بادشاہ سے سلوک کروں گا اور جو یہ چاہے گا سو دوں گا۔

ب۔ ایک صالح زندگی کی تعمیر کے لیے اقبال نے جو دوسری شرط قرار دی تھی، اس کو ہم نے نہیں اپنایا۔ یعنی دوسروں کی خودی کا احترام، جب تک ہم دوسروں کی خودی کا سچا احترام کرنا نہ سیکھیں گے، ان کے لیے خیالات و عقائد اور اعمال کی (خواہ ہم سے کتنے مختلف کیوں نہ ہوں) وہی آزادی نہ چاہیں گے جو اپنے لئے چاہتے ہیں، جب تک ہم رواداری کو اپنی کشتی کا بادبان نہ بنائیں گے، ہماری اپنی خودی پھل پھول نہیں سکتی لیکن شرط یہ ہے کہ وہ ایک اوچھی اور بے معنی سی رواداری نہ ہو، جو عقیدے کی کمزوری یا تشکیک یا محض بے اعتنائی سے پیدا ہوتی ہے، بلکہ وہ سچی اور گہری رواداری ہو۔

**سوال نمبر 4** ''خوشامد'' یا ''عبرت'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔ 7

**یا**

درج ذیل چار سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔

(i) بوڑھے کے سب سے بڑی دولت کیا تھی؟

(ii) خوشامد کو بدتر چیز کیوں کیا جاتا ہے؟

(iii) جن مزاج دار کے زیورات لوٹ لینے میں کس طرح کامیاب ہوگئی۔

(vi) شہزادے کے چچا کے لئے کیوں کہا گیا ہے کہ وہ "بجائے ابوجہل کے تھے"؟

**سوال نمبر 5** درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ 6

(i) افسانہ (ii) ناول (iii) داستان

**سوال نمبر 6** کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔ 6

(i) منشی پریم چند (ii) ڈپٹی نذیر احمد (iii) خواجہ غلام السیدین۔

**سوال نمبر 7** درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔ 6

الف۔ ذہن پر ہیں آن کے گماں کیسے کیسے

کلام آتے ہیں درمیاں کیسے کیسے

ب۔ ابن مریم ہوا کرے کوئی

میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

ج۔ کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند
کس کی حاجت روا کرے کوئی

د۔ پہنچا جو آپ کو میں پہنچا خدا کے تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

ہ۔ ہر ایک رنگ میں کاٹیں گے ہم سزا ہی سہی
یہ زندگی کسی مفلس کی بددعا ہی سہی

**یا**

کسی ایک شعری جُز کا مفہوم شاعر اور صنفِ شعر کے عنوان سے لکھیے۔

**الف۔** آؤ سفید و سیاہ کا فعل حساب ہے
چمکایا چہرہ صبح نے یا آب و تاب ہے
اور شب کے پیچھے تیغ بہ کفِ آفتاب ہے
تم بھی ہو آفتاب درخشاں چلے چلو

ب۔ دنیا سو سو طرح سے بہلاتی ہے
سامان خوشی سے روح گھبراتی ہے
اب فکرِ فنا نے کھول دی ہیں آنکھیں
کلفت ہر بات میں نظر آتی ہے

سوال نمبر 8 درج ذیل دو نامکمل اقتباسات کی مدد سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالیے۔ 6

الف۔ محمد تقی نام "میر" تقی تخلص ۱۷۲۲ء میں ۔۔۔۔۔۔ پیدا ہوئے۔ آپ کے پردادا ۔۔۔۔۔۔ سے دکن آئے۔ وہاں سے آکر ۔۔۔۔۔۔ میں قیام کیا۔ میر نے ابتدائی تعلیم اپنے ۔۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔۔ سے حاصل کی لیکن ابھی کمسن تھے کہ ۔۔۔۔ کا انتقال ہوگیا۔ ئی وہ زمانہ تھا جب ۔۔۔۔۔ کا چراغ ٹمٹما رہا تھا۔ میر کو اردو کا ۔۔۔۔۔ غزل گو ۔۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

ب۔ عبدالقیوم خان نام اور ۔۔۔۔۔ تخلص ۔ آپ ۔۔۔۔۔ ۱۵/ اپریل ۱۹۳۷ء کو ۔۔۔۔ سری نگر میں ایک ۔۔۔۔۔ گھرانے ۔۔۔۔۔ ہوئی۔ ہمدم

کاشمیری ـ ـ ـ ـ ـ ـ کے کہنہ مشق ـ ـ ـ ـ ـ ہیں۔ آپ ایک معتبر ـ ـ ـ ـ ـ

ہیں۔ غزل کی خوبی ـ ـ ـ ـ ـ ہے کہ اس میں شاعر اپنی ذاتی ـ ـ ـ ـ ـ اپنی

اجتماعی کے تمام تجربات کو تمام ـ ـ ـ ـ ـ اور اپنی ذات میں سمیٹ کر تخلیقی

تجربات کا اظہار کرے۔

**سوال نمبر 9** مندرجہ ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ 6

(i) غزل (ii) قصیدہ (iii) مرثیہ

## (II) مختصر جواب طلب سوالات

**سوال نمبر 10**

**الف۔** دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کر کے عبارت مکمل کر کے لکھیے۔

**الفاظ:** شائع۔ عرصہ۔ قدر۔ روز۔ مضمون۔ کام۔ زمانہ۔ کتاب۔

**اقتباس:** قیام حیدر آباد میں ایک ـ ـ ـ ـ مولوی ظفر علی خان مولانا سے ملنے آئے۔
اس ـ ـ ـ ـ میں وہ دکن ریویو نکالتے تھے۔ کچھ ـ ـ ـ ـ پہلے اس رسالے
میں ایک دو ـ ـ ـ ـ مولانا شبلی کی کسی ـ ـ ـ ـ یا رسالے پر ـ ـ ـ ـ ہوتے
تھے۔ ان میں کسی ـ ـ ـ ـ بے جا شوخی سے ـ ـ ـ ـ لیا گیا تھا۔ 4

ب۔ محنت کرو تا کہ امتحان میں پاس ہو جاؤ۔ خبردار کھڑکی کے باہر مت دیکھو۔ اتنے بے چین کیوں ہو۔ ہائے ہائے میری کتاب کس نے چرائی۔ ان جملوں میں ''تا کہ''، ''خبردار''، ''کیوں'' اور ''ہائے ہائے'' کس قسم کے حروف ہیں؟ 04

ج۔ درج ذیل جملوں کے خط کشیدہ الفاظ میں سے، اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم صفت چن لیجیے۔ 4

(i) شبیر چالاک ہے (ii) احمد مظلوم ہے (iii) قاتل رفو چکر ہوا۔

(iv) لکڑہارا درختوں سے سوکھی لکڑیاں کاٹ رہا ہے۔

د۔ ترکیب نحوی کیجیے اور جملے کا نام بھی لکھیے۔

یہ کتاب اچھی ہے (یا) راشدہ اسکول میں موجود ہے۔

## سوال نمبر 11

الف۔ (i) قصیدہ ''شہر آشوب'' کس شاعر نے لکھا ہے؟

(ii) ''شہر آشوب'' اصطلاح کی تعریف لکھیے۔

ب۔ (i) ''شکست انتظار'' کس شاعر کی نظم ہے؟

(ii) اس نظم میں شاعر نے کس طرح کی ذہنی کیفیت کی تصویر پیش کی ہے؟ 3

ج۔ (i) نصاب میں شامل چکبست کی نظم کا انتخاب کس عنوان سے شامل ہے؟

(ii) رام چندر جی کو دیکھ کر اس کی ماں کیوں رونے لگی؟ 3

## (III) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات

سوال نمبر 12

الف۔ دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجیے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ 2

دوکان۔ شربت۔ دولت۔ رومال۔

ب۔ درج ذیل الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجیے کہ ان کے واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائیں۔ 2

آلہ۔ اثر۔ تصاویر۔ حرکات

ج۔ درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھیے۔ 2

بوڑھی۔ بلندی۔ نفرت۔ تاریکی۔

2

د۔ درج ذیل الفاظ میں سے دو کے جمع الجمع لکھیے۔

رسم۔ دوا۔ خبر۔ جوہر۔

2

ر۔ درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیے۔(صرف دو)

| معنی | الفاظ |
|---|---|
| خالص | عداوت |
| خون | موازنہ |
| دشمنی | لہو |
| مقابلہ | بےلوث |

## OLD COURSE

### (i) تفصیلی جواب طلب سوالات

**سوال نمبر 1** درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰ سے ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجیے۔ 12

**الف۔** شہر میں ـــــ محفوظ ہیں ـــــ اور خودداری کے ساتھ ـــــ کرتا ہے۔ بڑے سے بڑا ـــــ تنگ نہیں کر سکتا ہے ـــــ پختہ مکان ہوتے ہیں۔ تفریح ـــــ موجود ہوتے ہیں ـــــ تعلیم کا اہتمام ہوتا ہے ـــــ غلاظ فضلا اور حکماء کی ـــــ ہے۔ کتابیں پڑھنے کو ـــــ ہوتی ہیں۔

**ب۔** اتفاق کے بغیر ـــــ گامزن نہیں ہو سکتا۔ ہر مرد کا فرض ہے ـــــ دوسرے کے ـــــ جدوجہد کرے۔ انسان نے ـــــ قوتوں سے حاصل کی ہے ـــــ کامیابیاں اتفاق سے ہیں ـــــ مقصد فنا ہو جاتا ہے۔ نااتفاق سے ـــــ نہیں ہو سکتی ہے۔

**ج۔** عید کے ـــــ کے ہیں ـــــ دنیا بھر میں اہلِ اسلام ـــــ دھوم

دھام سے مناتے ہیں ـــــ تین منائی جاتی ہیں ـــــ ۱۲/ربیع الاول کو منائی جاتی ہے ـــــ روزوں کی خوشی میں ـــــ قربانی کی یاد میں منائی جاتی ہے۔ اہل اسلام ان تینوں کو ـــــ احترام کے ساتھ مناتے ہیں۔

**سوال نمبر 2** اپنے اسکول کے سربراہ کے نام جرمانہ معافی کے لیے درخواست لکھیں۔ 8

**یا**

پبلک ورکس آفیسر کے نام درخواست لکھیں کہ آپ کے اسکول کی عمارت خستہ حالت میں ہے۔ اس کی جلد از جلد مرمت کروائی جائے۔

**یا**

اپنے دوست کو خط لکھیں کہ وہ برف باری کا نظارہ دیکھنے کے لئے بھدرواہ چلا آئے۔

**سوال نمبر 3** دیئے گئے اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجئے۔
8

**الف۔** تب سے میں بے حواس ہو رہا ہوں کہ تیرا چچا تیری جان کا دشمن ہوا۔ جوں ہی مبارک سے یہ خبر نا مبارک میں نے سنی، بغیر مارے مر گیا اور جان کے ڈر سے

P. T. O

اس کے پاؤں پر گر پڑا کہ واسطے خدا کے، میں سلطنت سے گزرا، کسو طرح میرا جی بچے۔ اس غلام باوفا نے میرا سر اٹھا کر چھاتی سے لگا لیا اور جواب دیا، کچھ خطرہ نہیں۔ ایک تدبیر مجھے سوجھی ہے۔ اگر راست آئی تو کچھ پرواہ نہیں۔

ب۔ آج غیر معمولی توانائی جو تم مجھ میں دیکھتی ہو، میں خوب سمجھتا ہوں کہ کوئی میری آخری توانائی ہے۔ خون جو مدارِ حیات ہے، مطلق میرے بدن میں باقی نہیں رہا۔ بلکہ میں جانتا ہوں کہ شاید میری ہڈیوں کے اندر کا گودا بھی پگھل پگھل کر فنا ہو چکا ہے۔ گو تم لوگ میری تقویت کی نظر سے تسلی و تشفی کی باتیں کرتے ہو۔

**سوال نمبر ۸** درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 7

(i) بور کے لڈو (ii) خوشامد

یا

درج ذیل چار سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔

(i) جنوں کے بادشاہ کے پاس شہزادے کو کون لے گیا اور جنوں کا بادشاہ کون تھا؟

(ii) نعیمہ بے دین سے کیسے دین دار بنی؟

(iii) پنڈت چندر دھر کو اپنے پیشے کی عظمت کا احساس کس طرح ہوا؟

(vi) رحیم خان کو بیوی اور بچے کیوں چھوڑ کے چلے گئے؟

سوال نمبر 5 درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر روشنی ڈالئے۔ 6

(i) مقالہ (ii) خاکہ (iii) افسانہ

سوال نمبر 6 کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی کارناموں پر روشنی ڈالئے۔ 6

(i) پریم چند (ii) میرا امن (iii) خواجہ احمد عباس

سوال نمبر 7 درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔ 6

الف۔ کیوں کر ملنا صنم کا ترک کروں
دلبری اختیار کھوتی ہے

ب۔ ترا غرور، مرا عجز، تا کُجا ظالم
ہر ایک بات کی آخر کچھ انتہا بھی ہے؟

ج۔ تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

و۔ بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں

حالت اب اضطراب کی سی ہے

ہ۔ کام اپنا تو ہرگز نہ بُتاں سے نکلا

کہیں نکلا بھی تو ہاں آہ و فغاں سے نکلا

و۔ برابر جان کے رکھا ہے اس کو مرتے مرتے تک

ہماری قبر پر رویا کرے گی آرزو برسوں

**سوال نمبر8** درج ذیل دو نامکمل اقتباسات میں سے کسی ایک کو مکمل کیجیے۔ 5

**الف**۔ غالب کا اصل نام۔۔۔۔ آپ۔۔۔۔ کو۔۔۔۔ پیدا ہوئے۔ دادا، باپ، چچا کی۔۔۔۔ کی وجہ سے بچپن میں بڑی حد تک۔۔۔۔ رہے۔ نانا نے پرورش کی۔۔۔۔ تعلیم نامکمل رہی۔۔۔۔ کی عمر میں شادی۔۔۔۔ دہلی کے ایک معزز خاندان۔۔۔۔ آگرہ سے دہلی آئے۔۔۔۔ دہلی کا ماحول اچھا لگا۔۔۔۔ آخری دن۔۔۔۔ بیماری کی وجہ سے تکلیف میں۔۔۔۔ طنز و مزاح کے بادشاہ۔۔۔۔ اردو نظم و نثر میں

الگ راہ نکالی۔ غزل کے استاد شاعر۔------ فوت ہوگئے۔

ب۔ محمد تقی نام، میر تخلص ------ میں آگرہ میں پیدا ہوئے۔ آپ ------

دکن آئے۔ وہاں سے ------ گجرات میں آکر قیام کیا۔ آپ کے والد کا

نام ------ تھا۔ آپ ایک صوفی بزرگ تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد

اور سید ------ سے حاصل کی ------ لیکن ابھی کمسن تھے کہ ------

انتقال ہوگیا۔ وہ آگرہ سے ------ چلے آئے اور کچھ عرصہ اپنے ------

ماموں ------ آرزو کے دامن تربیت ------ پرورش پائی۔ زندگی میں

ان کی ------ چکی تھی۔

**سوال نمبر 9** کسی ایک شعری اصناف پر نوٹ لکھئے۔ 5

(i) غزل (ii) قصیدہ (iii) قطعہ

## (II) مختصر جواب طلب سوالات

**سوال نمبر 10**

**الف۔** دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔ 4

**الفاظ:** عورت۔ بدمعاش۔ بھاگ۔ میکے۔
پیٹ۔ زور۔ کھیت۔ پاس۔

اقتباس: وہ۔۔۔۔۔۔کیوں موت کے منہ میں آنے لگا تھا۔ دو سال بعد چھوٹا لڑکا۔۔۔۔۔گیا اور بھائی کے۔۔۔۔۔رہنے لگا تو بس بیوی ہی رہ گئی وہ غریب تو اتنی۔۔۔۔۔چکی تھی کہ اس سے بھی نہ رہا گیا اور موقع پاکر جب رحیم خان۔۔۔۔۔پر گیا ہوا تھا، وہ اپنے بھائی کو بلاکر اس کے ساتھ اپنے۔۔۔۔۔چلی گئی۔ پڑوس کی۔۔۔۔۔سے کہہ گئی کہ آئیں تو کہہ دینا کہ میں کچھ۔۔۔۔۔کے لیے اپنے میکے رام نگر جارہی ہوں۔ 4

ب۔ اگر مجھے بلایا گیا تو میں ضرور میٹنگ میں شرکت کروں گا کیونکہ میں میٹنگ میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں۔ 4

مندرجہ بالا جملوں میں ''اگر''، ''تو''، ''ضرور'' اور ''کیونکہ'' کس قسم کے حروف ہیں؟ 4

ج۔ درج ذیل جملوں کو دھیان سے پڑھنے کے بعد خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم صفت چن لیجیے۔ 4

(i) پکے آم ٹوکری میں ہیں۔ (ii) لوہار لوہا کاٹ رہا ہے۔

(iii) غالب مشہور شاعر ہے۔ (vi) نور جہاں نے روٹی کھائی۔

د۔ ترکیب نحوی کیجیے اور جملے کا نام بھی لکھیے۔

عاصمہ ہوشیار ہے (یا) شیر نے ہرن کو مارا

**سوال نمبر 11**

الف۔ نظم "ایک آرزو" کس شاعر کی نظم ہے؟ اور اس میں شاعر کی آرزو کیا ہے؟ 3

ب۔ درج ذیل شعر کس مرثیہ سے لیا گیا ہے اور شعر میں کس کا ذکر ہو رہا ہے۔ 3

سردے کے جسے پاتے ہیں، وہ راہ یہی ہے!
صدقے گئی، شادی ہے یہی، بیاہ یہی ہے!

ج۔ آپ کی درسی کتاب میں دوسرا قصیدہ کس شاعر کا ہے؟ اور اس کا عنوان کیا ہے؟ 3

## (III) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات

**سوال نمبر 12**

الف۔ درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیرو کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

دوات۔ استاد۔ چھڑی۔ کاغذ۔ 2

ب۔ درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔

عمل۔ روح۔ فوائد۔ اموات۔ 2

ج۔ دیے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھیے۔

حق۔ راحت۔ زوال۔ گرفتاری۔ 2

د۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے دو کے جمع الجمع لکھیے۔

حکم۔ وجوہ۔ خبر۔ عارضہ۔ 2

ہ۔ درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیے۔ (صرف دو) کرو۔

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| تاسف | (۲) چھڑی |
| عصا | (۳) من پسند |
| خاطر خواہ | (۱) افسوس |
| عدل | (۴) انصاف |

2

و۔ آپ کے نصاب میں شامل ''اقبال اور انسانیت'' کا مقالہ کس کا لکھا ہوا ہے؟

(i) احتشام حسین

(ii) خواجہ غلام السیّدین 2

☆☆☆